## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# پروفیسر احتشام الحق نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے نئے امتحانات کنٹرولر کی ذمہ داری سنبھالی

New Delhi, November 17, 2025

مورخہ کو تیرہ نومبر دو ہزار پچیس کو تقرری کے بعد پروفیسر احتشام الحق نے مورخہ چودہ نومبر دو ہزار پچیس کو بطور نئے آفیشی ایٹنگ کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ اپنی ذمہ داری سنبھال لی۔

پروفیسر حق سر دست ڈپارٹمنٹ آف الیکٹریکل انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پروفیسر ہیں اور انہیں وسیع تعلیمی و انتظامی تجربہ ہے۔اس سے پیش تر انہوں نے چھ سال سے زیادہ کے عرصے تک امتحان سے متعلق مختلف اہم عہدوں پر ذمہ داریاں نبھائی ہیں اور بطور اعزازی اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات اور اعزازی ڈپٹی کنٹرولر امتحانات اہم خدمات سے جامعہ کے امتحان نظام کو مضبوطی فراہم کی ہے۔

ممتاز علمی شخصیت کے حامل پروفیسر حق کو وزارت برائے اقلیتی امور، حکومت ہند کی جانب سے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں جدید ترین 'ریسرچ لیب فار الیکٹرک وہیائیکل' تیار کرنے کے لیے حال ہی میں نو اعشاریہ صفر پانچ کروڑ کی گرانٹ بھی ملی ہے۔ان کی تحقیقی دلچسپیوں میں پاور الیکٹرانکس اینڈ اٹس اپلی کیشنز، قابل تجدید توانائی، الیکٹرک وہیائیکل، اے آئی اور آٹومیشن شامل ہیں۔

تقرری پر اظہار تشکر کرتے ہوئے عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی کی جانب سے ان پر اعتماد اور بھروسہ ظاہر کرنے کے لیے پروفیسر حق نے ان کا شکریہ ادا کیا۔جامعہ ملیہ اسلامیہ کے کنٹرولر امتحانات کی نئی اور اہم ذمہ داری کے سلسلے میں اپنا وژن ساجھا کرتے ہوئے انہوں نے کہا ''دفتر کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ داخلوں اور امتحانات کے نتائج میں شفافیت اور ٹائم باؤنڈ کو یقینی بنانے کے ہر ممکن سعی کرے گا۔عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ، کنٹرولر امتحانات کے تمام کاموں کے لیے ان ہاؤس صلاحیتوں کی تعمیر کا تصور رکھتے ہیں اور اس ہدف کے حصول کے لیے ہم تیزی سے سرگرم عمل ہیں۔''

پروفیسر حق نے مزید کہا ''امتحان سے متعلق تشویشات کو آن لائن حل کرنے کے سلسلے میں طلبہ کے لیے جلد ہی شکایات نظام تیار کیا جائے گا اور امتحان نظام کو مزید بہتر کیا جائے گا''۔

پروفیسر حق کو تحقیقی معیار کے لیے عالمی شہرت حاصل ہے۔اسٹینفورڈ یونیورسٹی، امریکہ کی جانب سے جاری کردہ دنیا کے

دو فیصدی سرکردہ سائنس دانوں کی فہرست میں وہ لگا تار چار سال یعنی دو ہزار بائیس، دو ہزار تیئس، دو ہزار چوبیس اور دو ہزار پچیس میں شامل تھے۔

انہیں متعدد انعامات و اعزازات مل چکے ہیں جن میں پاور اینڈ انرجی ٹکنیکل یونیورسٹی، آئی ای ای ای۔ امریکہ کی جانب سے پاور الیکٹرانکس اینڈ گرین ٹکنالوجی کے میدان میں ان کی خدمات کو ممتاز ینگ انجینئر ایوارڈ شامل ہے۔ آئی ای ای ای، اسمارٹ سٹیز ٹکنیکل سوسائٹی، امریکہ کی جانب سے ان کے بہت زیادہ پڑھے جانے والے مقالہ' آرٹیفیشیل انٹلی جینس، مشین لرننگ اینڈ انٹرنیٹ آف میڈیکل تھنگس فار کووڈ نائنٹین اینڈ فیوچر پنڈیمکس'' کو' موسٹ ویل ریڈ نیوز لیٹر ایوارڈ' بھی مل چکا ہے۔

اقوام متحدہ کے پائے دار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جیز ) سے ہم آہنگ تحقیق کے فروغ کے تئیں ان کے مضبوط عہد اور ان کی توجہ کے ساتھ پروفیسر حق کے ایس ڈی جیز اور اس کے وسیع تر موضوعات سے براہ راست متعلق ایک سو پینسٹھ تحقیقی مقالات شائع ہو چکے ہیں۔ انہوں نے ایک جدید ایڈوانسڈ پاور الیکٹرانکس ریسرچ لیب بھی قائم کیا ہے جسے ان کے ہی لیب میں تیار کیے گئے شمسی توانائی کے پی وی پاور پلانٹ سے بجلی ملتی ہے۔ وہ تقریباً دو سو بیس لاکھ تحقیقی گرانٹ کے محرک رہے ہیں اور دو سو سے زیادہ تحقیقی مقالات، کتابیں اور موقر رسائل اور کانفرنس میں شائع کرائے ہیں یا پیش کیے ہیں۔ ان کی اختراعات کو متعدد پیٹنٹ بھی حاصل ہوئے ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے ایک کتاب' آرٹی فیشیل انٹلی جینس فار پاور الیکٹرانکس' تحریر کی ہے جسے آئی ای ای ای نے شائع کیا ہے۔ پروفیسر حق تدریسی فرائض انجام دے رہے ہیں اور انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور ڈاکٹریٹ کے طلبہ کے باعث تحریک بنے ہیں اور آئی ای ای ای۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ ٹکنیکل سوسائٹی کے برانچ کونسلر کے طور پر مصروف کار ہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ